BUDC-103

B.A Hons. Urdu Programme

ASSIGNMENT

(2022- 2023)

Study of Modern Urdu Nazm

BUDC-103

جدید اردو نظم کا مطالعہ

School of Humanities

Indira Gandhi National Open University

Maidan Garhi, New Delhi-110068

اسائن منٹ

بی۔ اے آنرز اردو (CBCS) پروگرام

عزیز طلبہ!

یہ امید کی جاتی ہے کہ آپ نے اپنے کورس کو دل لگا کر پڑھا اور اسے سمجھا ہوگا جس کی جانچ پرکھ کے لیے آپ کے کورس میں ایک اسائن منٹ رکھا گیا ہے۔ یہ اسائن منٹ آپ کے پروگرام کی مسلسل جانچ پرکھ کا ایک نہایت موثر ذریعہ ہے تاکہ آپ اپنا جائزہ خود لیں سکیں۔ اس لیے ہر کورس کا ایک سائن اپنے مقررہ وقت میں جمع کرنا ضروری ہے تاکہ آپ امتحان میں بیٹھنے کے لائق ہو سکیں۔ اسائن منٹ جمع کیے بغیر آپ امتحان میں نہیں بیٹھ سکتے ہیں۔ یہ اسائن منٹ ٹیوٹر مارکڈ اسائن منٹ (TMA) ہے جو پورے کورس کا احاطہ کرتا ہے اور سو (100) نمبروں پر مشتمل ہے۔

مقصد:

اس اسائن منٹ کا مقصد یہ پتہ لگانا ہے کہ آپ نے فراہم کیے گئے مواد سے کس قدر فائدہ اٹھایا ہے۔ یہ اسائن منٹ آپ کی صلاحیت میں نکھار پیدا کرے گا اور آپ کی معلومات میں اضافہ کرے گا۔ آپ اس کورس کی اکائیوں کا بغور مطالعہ کیجیے اور جو باتیں سمجھ میں نہ آئیں تو اسٹڈی سنٹر جا کر اپنے کاؤنسلر سے رابطہ کیجیے۔

مشورہ:

الوں کو غور سے پڑھیے اور ان نکات کو سمجھیے جن پر سوالات کی بنیاد ہے۔ ضروری باتیں نوٹ کر لیجیے انھیں مہ ۔ طقی ربط کے ساتھ پیش کر دیجیے۔ سوالوں کے جواب کتابوں سے نقل کرنے کے بجائے اپنے الفاظ میں لکھیے۔ اکائیوں کی عبارت کو ہو بہو نقل کرنے سے گریز کیجیے۔ اپنے جوابات محتاط ہو کر تجزیاتی انداز میں لکھیے۔ مضمون نما سوالات کو شروع میں تمہید اور آخر میں اخذ شدہ نتائج کے ساتھ لکھیے۔ تمہید میں بتائیے کہ آپ نے سوال کو کس طرح سمجھا ہے اور جواب کس طرح پیش کرنے جا رہے ہیں۔ آخر میں سوال کے جواب کو سمیٹ کر نتیجہ اخذ کیجیے اور جواب دیتے وقت دوسری کتابوں کا حوالہ بھی دے سکتے ہیں۔ اس طرح آپ کے مطالعہ کی وسعت کا اندازہ ہوگا اور موضوع پر آپ کی گرفت اور گیرائی کا بھی پتہ چل سکے گا۔

آپ کو اپنے جوابات کے سلسلے میں معلوم ہونا چاہیے کہ وہ

- منطقی نوعیت کے ہوں
- جملے اور پیراگراف کے درمیان ربط ہو
- خیال اور طرز تحریر میں مطابقت ہو
- سوالوں کا اتنا ہی جواب دیجیے جتنا پوچھا گیا ہے

ہدایت:

اتنا یاد رکھیے کہ سمسٹر کے امتحان میں بیٹھنے سے پہلے آپ کو ہر کورس کا اسائن منٹ جمع کرنا ہے۔ اسائن منٹ کی ایک کاپی اپنے پاس محفوظ رکھیے تاکہ گم ہونے کی شکل میں حوالے کے لیے آپ کے پاس اپنا اسائن منٹ موجود ہو۔ ہماری نیک خواہشات آپ کے ساتھ ہیں۔

اپنا اسائن منٹ لکھنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے:

1۔ پروگرام گائڈ میں اسائن منٹ سے متعلق دی گئی ہدایات کا بغور مطالعہ کیجیے۔

2۔ اپنا نام، رول نمبر اور تاریخ کاپی کے پہلے حصہ کی بائیں جانب لکھیے۔

3۔ کاپی کے بیچ میں کورس کا نام، اسائن منٹ نمبر اور اپنے اسٹڈی سنٹر کا نام لکھیے۔

4۔ آپ کو ہر کورس کا اسائن منٹ جمع کرنا ہے۔ اگر اسائن منٹ جمع نہیں کیا تو سمسٹر کے امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ملے گی۔

5۔ اپنے اسائن منٹ کے لیے فل اسکیپ سائز کا کاغذ کا استعمال کیجیے۔

6۔ جواب سے پہلے متعلقہ سوال لکھنا ضروری ہے۔

7۔ اسائن منٹ اپنی تحریر میں ہونا چاہیے۔

8۔ اسائن منٹ آپ اپنے اسٹڈی سنٹر پر جمع کیجیے۔

آپ اپنے اسائن منٹ کی کاپی کا پہلا صفحہ اس طرح پر کیجیے:

کورس کا عنوان(اردو)---------------------/---------------------Course Title

اسائن منٹ نمبر---------------------رول نمبر-------------------------------

نام(اردو)--------------------/-------------------------Name in English

اسٹڈی سنٹر کا نام---

Note:

Last date for submission of Assignment

For June Examination: 30th April

For December Examination: 31st October

Good Luck!

ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

Course Code:	**BUDC-103**
Course Title:	**جدید اردو نظم کا مطالعہ**
Assignment Code:	**BUDC-103/TMA/2022-2023**
Coverage:	**All 4 Blocks**
Marks:	**100**

ہدایت:- سبھی حصوں کے تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ سوال کے نمبر سامنے درج ہیں۔

(حصہ الف)

سوال1۔ نظم کی تعریف بیان کرتے ہوئے جدید اردو نظم کے آغاز و ارتقا پر مفصل اظہار خیال کیجیے (20)

یا

جدید اردو نظم کے تہذیبی و سماجی پس منظر پر مفصل روشنی ڈالیے۔

سوال2۔ خواجہ الطاف حسین حالی کی حیات و ادبی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی نظم نگاری سے بحث کیجیے ۔(20)

یا

سرور جہان آبادی کی حیات و خدمات اور ان کی نظم نگاری پر مضمون قلم بند کیجیے۔

(حصہ ب)

سوال3۔ علامہ اقبال کی نظم نگاری پر ایک مضمون لکھیے۔ (15)

یا

چکبست کی نظم نگاری سے بحث کیجیے۔

سوال4فیض احمد فیض کی نظم نگاری کے امتیازی پہلوؤں کو بیان کیجیے۔ (15)

یا

اختر شیرانی کی نظم نگاری پر ایک تفصیلی مضمون تحریر کیجیے۔

(حصہ ج)

سوال5۔ جدید اردو نظم کی فنی خصوصیات پر ایک نوٹ لکھیے۔ (10)

یا

محمد حسین آزاد کے حالات زندگی کو بیان کیجیے۔

سوال6۔ اختر الایمان کے حالات زندگی پر گفتگو کیجیے (10)

یا

ن م راشد کی نظم نگاری کے امتیازات پر اظہار خیال کیجیے۔

سوال7۔ مجاز لکھنوی کی نظم نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔ (10)

یا

ساحر لدھیانوی کے حالات زندگی پر روشنی ڈالیے۔